# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu news Bulletin

**Date : 14 August 2026**

**Time : 09:25 : AM**

---

**Opening**

---

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں طارق احمد

یوم آزادی

ملک بھر میں کل منائے جانے والے یوم آزادی کے سلسلے میں تمام تیاریاں مکمل ہیں اور قومی راجدھانی میں لال قلعے میں منعقد ہونے والی سب سے بڑی تقریب کیلئے بھی سٹیج سیٹ ہے ۔ وزیراعظم نریندر مودی وندے ماترم کے **150** برس اور ترقی یافتہ بھارت @**2047** کے لئے نوجوانوں کی قوت کے موضوع پر منعقد ہونے والی تقریبات کی قیادت کریں گے ۔

یوم آزادی کی تقریبات کے حصے کے طور پر پہلی بار وندے ماترم بھی پیش ہونے جا رہا ہے ۔ ادھر جموں کشمیر میں بھی جشن آزادی کی تقریبات کو منانے کیلئے تمام انتظامات مکمل ہیں ۔ یوٹی میں سب سے بڑی تقریب بخشی اسٹیڈیم سرینگر میں منعقد ہونے جا رہی ہے ۔ تمام ضلع صدر مقامات پر بھی **15** اگست کی تقریبات کا شایان شان انعقاد کیا جائے گا ۔

ریہرسل

اسی دوران کل جموں وکشمیر کے سبھی اضلاع میں فُل ڈریس ریہرسل کا انعقاد ہوا ۔

سرینگر کے بخشی سٹیڈیم میں منعقدہ فُل ڈریس ریہرسل کے موقعے پر اسکولی بچوں نے رنگا رنگ تمدنی پروگرام پیش کئے ۔

**......Music.....**

اس موقعے پر صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے پریڈ کا معائنہ کیا اور مارچ پاسٹ پر سلامی لی ۔ اپنے خطاب میں انہوں نے کہا ۔

**-----Div. Com----**

صدر خطاب

یوم آزادی سے ایک دن قبل آج صدر جمہوریہ دروپدی مرمو قوم سے خطاب کریں گی۔ ان کا خطاب آکاش وانی سے آج شام 7 بجے براہ راست نشر کیا جائے گا۔

اس سلسلے میں آج ہمارے یہاں سے شام ساڑھے سات بجے نشر ہونے والا کشمیری خبروں کا بلیٹن شام ساڑھے 6 بجے جبکہ 7 بجکر چالیس منٹ پر نشر ہونے والا اردو بلیٹن شام 6 بجکر چالیس منٹ پر نشر کیا جائے گا۔

اسی طرح سے شام سوا 6 بجے نشر ہونے والا کشمیری نیوز بلیٹن رات ساڑھے 8 بجے پیش کیا جائے گا۔

حوصلہ افزائی

ضلع انتظامیہ سرینگر نے یوم آزادی کی تقریبات کے جشن کے ایک حصے کے طور پر کارہائے نمایاں انجام دینے والے کئی سول اور پولیس افسروں کی عزت افزائی کی ہے۔

تقریب میں ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو، ایس ایم سی کے کمشنر فضل الحسیب اور ایس ایس پی سرینگر سندیپ چکرورتی موجود تھے، جنہوں نے عوامی خدمت میں نمایاں خدمات انجام دینے والے متعلقہ افسروں کو توصیفی اسناد اور میمنٹوز سے نوازا۔

ایل جی ملاقات

بڑی برہمنا انڈسٹریل ایسوسی ایشن اور فیڈریشن آف انڈسٹریز جموں کے چیرمین ترن سنگھلا نے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کر کے جموں ڈویژن میں صنعتی سیکٹر کو مستحکم کرنے پر موصوف سے تبادلہ خیال کیا۔ ان کے ہمراہ فیڈریشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کے قومی صدر ڈاکٹر سنجے بنسل بھی تھے۔

اسی دوران ہیلپ لائن ہیومینٹی کے بانی ایم کے بھٹ کی قیادت میں ایک وفد نے بھی لیفٹنٹ گورنر سے ملاقات کی، جس دوران انہوں نے منوج سنہا کو اپنی NGO کی سرگرمیوں کے بارے میں آگاہ کیا۔

انٹرنشپ سکیم

سرکار نے چیف منسٹر ڈیجیٹل انٹرنشپ پروگرام 2026 کو منظوری دی ہے، جس کے ذریعے باصلاحیت مقامی نوجوانوں کو ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل گورننس کے ابھرتے ہوئے شعبوں میں تجربہ فراہم کیا جائے گا۔

اس اقدام سے انٹرنز کو GovTech ، سائبر سیکورٹی اور ڈیجیٹل سروسز سمیت مختلف شعبوں

میں سیکھنے کے مواقعے فراہم ہونگے ۔ اس پہل کے ذریعے انٹرنز کو سرکردہ ماہرین کی جانب سے منظم رہنمائی فراہم کی جائے گی جس سے ان کی تیکنیکی صلاحیتوں کو مضبوط کیا جائے گا۔

پروگرام کے تحت منتخب انٹرنز کو دس ہزار روپے کا ماہانہ وظیفہ دیا جائے گا جبکہ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے انٹرنز کو وزیراعلیٰ کا دستخط شدہ سند بھی دی جائے گی ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے **SASCI** کے تحت تجویز کردہ مراعات سے منسلک تمام اصلاحات کے نفاذ کے لئے تمام ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت دی ہے، تاکہ رقومات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ تعمیراتی اور ترقیاتی کاموں کی شروعات کی جاسکے اور ان کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جاسکے ۔

انتظامی سیکریٹریوں اور ڈپٹی کمشنروں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران چیف سیکریٹری نے **SASCI** اور نبارڈ سے چلنے والے منصوبوں کے تحت اخراجات کا شعبہ وار اور محکمہ وار تفصیلی جائزہ لیا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **21** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **25** اعشاریہ **2** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا سے گیا۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ